SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

Press Release

January 9, 2018

For immediate release

مالی سال کی پہلی ششماہی: کمپنیوں کی رجسٹریشن میں چوالیس فیصد اضافہ

اسلام آباد(جنوری 9)مالی سال 18-2017 کے پہلے چھ ماہ کے دوران سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان میں کمپنیوں کی رجسٹریشن میں چوالیس فیصد اضافہ دیکھا گیا۔ یکم جولائی تا اکتیس دسمبر تک ایس ای سی پی میں کل چار ہزار نو سو چون (4954) کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں جو کہ گزشتہ برس اسی مدت کے مقابلہ میں چوالیس فیصد زائد ہیں۔ ایس ای سی پی میں رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد 83,879 ہو گئی ہے۔

ملک میں معیشت کے مستحکم ہونے اور سرمایہ کاری کے وسیع مواقع دستیابی کمپنیوں کی رجسٹریشن میں اضافے کا باعث ہیں۔ ایس ای سی پی کی جانب سے کمپنیوں کی رجسٹریشن کے عمل کو آسان بنانے کے لئے کی گئی اصلاحات اور رجسٹریشن کی فیسوں میں نمایاں کمپنی نے رجسٹریشن کے رجحان میں اضافہ کیا ہے۔

رجسٹریشن حاصل کرنے والی بیاسی فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ ہیں جبکہ سولہ فیصد کمپنیاں سنگل ممبر کمپنیاں اور دو فیصد کمپنیوں نے بطور پبلک لسٹڈ، غیر منافع بخش اور ٹریڈ آرگنائزیشن اور غیر ملکی کمپنیاں شامل ہیں۔ اس چھ ماہ کے دوران سب سے زیادہ رجسٹریشن ٹریڈنگ کے شعبے میں ہوئی۔ ٹریڈنگ کے شعبے میں رجسٹریشن حاصل کرنے والی کمپنیوں کی تعداد 783 رہی۔ خدمات کے شعبے میں 729 کمپنیوں رجسٹر ہوئیں، تعمیرات کے شعبے میں 625 کمپنیاں، انفرمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں 599، سیاحت میں 274، فوڈ اینڈ مشروبات میں 164، انجنیئرنگ میں 155، تعلیم میں 148، کارپوریٹ ایگریکلچرل میں 126، رئل اسٹیٹ میں 106، ٹرانسپورٹ میں 100، دواسازی میں چھیاسی، ٹیکسٹائل میں ستتر، کمیونیکیشن میں چھہتر، توانائی میں پچھتر، آٹو اینڈ الائیڈ اور ہیلتھ کیئر میں اکہتر، کیبل اینڈ الیکٹرک گڈز میں اٹھاون، براڈکاسٹنگ اینڈ ٹیلی کاسٹنگ میں ستاون، کیمکل میں پچپن، پاور جنریشن میں سنتالیس، پیپر اینڈ بورڈ میں چھیالیس، مائنگ میں پنتالیس، سٹیل اینڈ الائیڈ میں اٹھتیس، سیمنٹ کے شعبے میں نو کمپنیاں رجسٹر ہوئیں جبکہ ان چھ ماہ کے دوران تین سو چونیتس کمپنیوں نے دیگر شعبوں میں رجسٹریشن حاصل کی۔

رواں مالی سال میں یکم جولائی سے اکتیس دسمبر تک پینتس (35) غیر ملکی کمپنیاں بھی رجسٹر ہوئیں۔ ان غیر ملکی کمپنیوں میں افغانستان، آسٹریلیا، آسٹریا، آذربائی جان، بیلاروس، بیلجم، کینیڈا، جزائر کیمن، چین، مصر، جرمنی، یونان، ہانگ کانگ، انڈونیشیا، ایران، آئرلینڈ، اٹلی، اردن، جنوبی کوریا، لبنان، مقدونیا، ملائشیا، میکسیکو، نائیدرلینڈ، نائجیریا، ناروے، فلپائن، پولینڈ، روس، سعودیہ عربیہ، سنگاپور، جنوبی افریقہ، سپین، سری لنکا، سویڈن، سوئزرلینڈ، تائیوان، تھائی لینڈ، متحدہ عرب امارات، برطانیہ اور امریکہ سے تعلق رکھنے والے سرمایہ کاروں نے سرمایہ کاری کی۔

اس عرصہ کے دوران سب سے زیادہ یعنی 1714 کمپنیاں اسلام آباد میں رجسٹر ہوئیں جبکہ لاہور میں 1,442 اور کراچی میں 987 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005